ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لیے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایڈیٹر: سید ممتاز احمد
جلد 53 | بمعرات 11 جمادی الاولیٰ 1446ھ 14 نومبر 2024ء، صفحات 08 | شمارہ 137
PTCL 081-2827345 081-2827344 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | قیمت 30 روپے
رجسٹرڈ BC-m-1

گورنر زیر اعلیٰ ملاقات میں دہشتگردی، جرائم، بھتہ خوری، اسمگلنگ کے تدارک کیلئے ایکشن پلان تیار کرلیا گیا

سرفراز بگٹی: اقدامات پر اتفاق

دہشت گردی اور جرائم سے نمٹنے کیلئے فورسز کی پیشہ وارانہ استعداد کار میں اضافہ ناگزیر، یہ یاد رکھنا ہوگا کہ نتیجتاً کے عمل میں جرائم کی تہہ تک پہنچنا ضروری ہے تاکہ انسداد کے لئے قابل عمل اقدامات کئے جاسکیں

بلوچستان میں بحالی امن پہلی ترجیح، پائیدار ترقی امن سے مشروط ہے، فورسز کو درکار مطلوبہ وسائل فراہم کریں گے تاہم خاطر خواہ نتائج بھی چاہتے ہیں صوبائی ایکشن پلان کی تشکیل سے متعلق اجلاس سے خطاب

گورنر جعفر خان مندوخیل سے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی ملاقات، مجموعی امن و امان کی صورتحال ترقیاتی منصوبوں سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال، باہمی مشاورت اور مسلسل رابطے رکھنے پر اتفاق

تمام محکمے عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے متحرک کردار ادا کریں، وزیراعلیٰ، چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں قائم کمپلیٹ سیل کی کارکردگی اور عوام کی جانب سے درج شکایات کے حل کے لئے کی گئی پیش رفت کا جائزہ

دہشت گردوں کو ان کے منطقی انجام تک پہنچائیں گے، انٹیلی جنس بیسڈ سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی کے باعث ملک دشمن عناصر کو ناکامی ہوئی، پائیدار قیام امن کا خواب حقیقی تعبیر اختیار کرے گا، وزیراعلیٰ

اقدامات کو موثر بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، ایکشن پلان کے نفاذ سے بلوچستان میں کوئلہ کی بھتہ خوری کا خاتمہ ہوگا، بلوچستان میں نمایاں بہتری آئے گی، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے صوبائی ایکشن ..... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ملاقات کا منظر

شیر افضل مروت نے پارٹی میں گروپ بندی کا انکشاف کردیا

گروپ میں شامل لوگ گروپوں میں بیٹھ کر مرکزی قیادت پر تنقید کرتے رہتے ہیں

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) تحریک انصاف کے رہنما شیر افضل مروت نے پارٹی میں گروپ بندی کا انکشاف کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے شیر افضل مروت نے کہا پارٹی میں مرکزی سطح پر گروپوں ..... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

شیر افضل مروت

سیکورٹی فورسز کی دو مختلف کارروائیوں میں 8 خوارج سمیت 12 دہشتگرد ہلاک 6 زخمی

میران شاہ میں فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو ٹھوڑا انداز میں نشانہ بنایا، شدید فائرنگ کے تبادلے میں 8 خوارج ہلاک ہوگئے

سچ کے علاقے بلگتر میں آپریشن، شدید تصادم کے دوران انتہائی مطلوب دہشت گرد سمیت 4 ہلاک ہوگئے، دہشتگردوں کے قبضے سے اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد برآمد، سیکورٹی فورسز اور معصوم شہریوں کے خلاف حملہ کارروائیوں میں ملوث تھے، آئی ایس پی آر

اسلام آباد (مڑ) آئی ایس پی آر کے مطابق سیکورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان کے علاقے میران شاہ میں کوئٹہ ٹھوڑا انداز میں شدید فائرنگ کے تبادلے میں 8 خوارج ہلاک ..... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

میں آپریشن دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کیا، سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے

وزیراعظم شہباز شریف کا کابینہ اجلاس سے خطاب

12 ہزار 970 ارب روپے کا سالانہ ٹیکس ہدف قرار دیا گیا، پیٹرولیم مصنوعات پر جنرل سیلز ٹیکس بھی نہیں لگایا جائیگا، آئی ایم ایف کا ٹیکس محصولات پر اطمینان کا اظہار

منی بجٹ نہیں آئیگا، آئی ایم ایف حکومتی اقدامات سے مطمئن

آئی ایم ایف کا پاکستانی حکام کے اجلاس میں فیصلہ

پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ کے درمیان مذاکرات کا دوسرا دور، جولائی تا اکتوبر 190 ارب روپے کے شارٹ فال پر متبادل ٹیکس انفورسمنٹ کیلئے ضروری آرڈیننس یا منی بجٹ پر فنڈ کو بریفنگ دی گئی

آئی ایم ایف مشن اور حکومت کی معاشی ٹیم کے درمیان مذاکرات کے 2 دور ہوئے، حکومت کی معاشی ٹیم کی طرف سے آئی ایم ایف کو زرعی ٹیکس اگلے سال سے وصول کرنے کی یقین دہانی کرائی گئی

ایف بی آر کا کام کی آئی ایم ایف مشن کو صوبائی سطح پر ڈیجیٹلائزیشن اور آرٹیفیشل انٹیلی جنس اقدامات کے بعد ریونیو وصولیوں میں بہتری پر بریفنگ، آئی ایم ایف نے بی آئی ایس پی پروگرام کو سراہا

وزارت خزانہ کے حکام نے آئی ایم ایف مشن کو مقامی قرض پر بریفنگ دی، جس پر عالمی مالیاتی ادارے کے مشن نے کوئی اعتراض نہیں اٹھایا، تاجر دوست اسکیم میں کچھ تبدیلیوں پر بات چیت متوقع

اسلام آباد (مڑ) پاکستان اور عالمی مالیاتی ادارے آئی ایم ایف کے درمیان متعدد اقدامات پر اتفاق ہوگیا، ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف مشن اور حکومت کی معاشی ٹیم کے درمیان مذاکرات کے 2 دور ہوئے، پاکستان اور آئی ایم ایف میں اتفاق ہوا ہے کہ منی بجٹ ..... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

آئینی بنچ میں آج سے سماعت کا آغاز، پہلے روز 18 مقدمات مقرر

6 رکنی بنچ عام انتخابات 2024 کی ری شیڈول کرنے سمیت 18 کیسز سنے گا

بیرون ملک کارہ بار اٹھانے رکھنے والے اراکین اسمبلی کی نااہلی، دیگر درخواستیں بھی شامل

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) آئینی بنچ میں آج 2024ء کی ری شیڈول کرنے سمیت 18 کیسز سنے گا، بیرون ملک کاروبار اور اثاثے رکھنے والے اراکین اسمبلی کی نااہلی، سرکاری اثاثوں کی غیر ظاہری سے ..... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان نے 24 نومبر کو احتجاج کی فائنل کال دے دی، اب واپسی نہیں ہوگی، علی امین گنڈاپور

قوم نے اپنے مستقبل کا فیصلہ خود کرنا ہے کہ وہ آزادی میں رہنا چاہتے ہیں یا نہیں، علیمہ خان کی اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو

احتجاج کے لیے تمام تیاریاں مکمل ہیں، علیمہ خان نے احتجاج کی تاریخ کا اعلان کردیا ہے، اس دفعہ کوئی واپسی نہیں ہوگی، وزیراعلیٰ کے پی

راولپنڈی (مڑ) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین کی بہن علیمہ خان نے دعویٰ کیا ہے کہ عمران خان نے 24 نومبر کو احتجاج کی حتمی کال دے دی، اڈیالہ ..... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی نے الیکشن ریویو کی تیاری کا فیصلہ سپریم کورٹ میں چیلنج کردیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) تحریک انصاف کے تحفظ بنیادی حقوق کی سماعت آج ہوگی، سپریم کورٹ میں چیلنج کر دیا، سپریم کورٹ سے الیکشن ..... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی اے 35 ہزار سرکاری عازمین حج کو حجاز مقدس پہنچائے گی

کراچی، اسلام آباد، لاہور، کوئٹہ، سے عازمین حج کیلئے خصوصی پروازیں چلائے گی، ترجمان وزارت مذہبی امور اور پی ٹی اے کا مابین معاہدہ طے پا گیا ..... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

عمران، بشریٰ کیخلاف 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس پر ساعت ملتوی

احتساب عدالت نے بشریٰ کی ایک روزہ حاضری درخواست منظور کرلی

راولپنڈی (نیوز رپورٹ) عمران خان اور بشریٰ کیخلاف 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس پر ساعت ملتوی کردی گئی، پی ٹی ایم کے رہنما عمران خان اور ..... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ملاقات کر رہے ہیں

تحریک انصاف کو اداروں کے اندر سے ریلیف مل رہا ہے، جاوید لطیف

پیش جدید کے اثرات ابھی تک موجود ہیں، اپوزیشن رہنماؤں کی گرفتاری کی مذمت کرتا ہوں

لاہور (نیوز رپورٹ) مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما میاں جاوید لطیف نے کہا ہے تحریک انصاف کو اداروں کے اندر سے سپورٹ کاری مل رہی ہے، جاوید لطیف ..... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

پنجگور سیکورٹی فورسز اور اے سی کی رہائشگاہ پر اکٹ وبم حملے، دی کمیں تعمیراتی کمپنی کا کیمپ نذر آتش 3 مزدور لاپتہ

سیکورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر ملزمان کی تلاش شروع کردی مختلف شاہراہوں کو بھی سیل کردیا گیا

لاپتہ مزدور دکی تا چالنگ زیر تعمیر روڈ پر کام کررہے تھے مزدور پشتون اور مریانی قوم سے تعلق رکھتے ہیں

پنجگور کے علاقے خدابادان میں واقع اسسٹنٹ کمشنر گارگوشہ دولادری کے گھر پر نامعلوم افراد ہینڈ گرینڈ پھینک کر فرار ہوگئے

پنجگور، روہی (سٹی رپورٹر) بلوچستان کے ضلع پنجگور میں بے نقاب ہیں راکٹ اٹیک کی کیمپ پر فائرنگ اور شدید فائرنگ کی آواز سن کر لوگ گھروں سے باہر جزوی طور پر جرائم ہوئی، تفصیلات کے مطابق پنجگور کیمپ پر نامعلوم مسلح افراد نے ..... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

دشمنگرو کسی رعایت کے مستحق نہیں، سیدال خان ناصر

ڈپٹی چیئرمین بینٹ کی ریلیف انجکشن دھماکے میں زخمیوں کی عیادت

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی چیئرمین بینٹ سیدال خان ناصر نے ٹرما سینٹر کوئٹہ میں زیر علاج ریلیف انجکشن سانحے میں زخمیوں کی عیادت کی اور ادائی تعزیت کیلئے ..... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان حکومت کیخلاف مسلح تحریک شروع کرنیکی پلاننگ کررہے ہیں، لیاقت بلوچ

سرکہ پنجن بانہد کر احتجاج کی کسی جمہوریت میں اجازت نہیں، سہروردی چیف کو ایکسٹینشن نہیں دی، مدت ملازمت میں توسیع کی گئی

پی ٹی آئی کی دوستی دشمنی بھی بری، تمام کیسز سے صفائت کے بعد پی ٹی آئی کی رہائی ہونی چاہیے، مشیر وزیراعظم کی نجی ٹی وی سے گفتگو

عمران خان کو ایک اور عدالتی ریلیف، لانگ مارچ توڑ پھوڑ کیس سے بری

اسد قیصر، سیف نیازی، شبلی رشید، فیصل جاوید اور علی نواز اعوان شامل، قتاد آباد میں مقدمہ درج تھا

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) پی ٹی آئی عمران خان کو عدالت سے ایک اور ریلیف مل گیا، اسلام آباد کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نے پی ٹی آئی عمران خان و دیگر کی لانگ مارچ توڑ پھوڑ کیس میں بری ..... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کو اسلام آباد کی عدالت سے ریلیف مل رہا ہے، اسلام آباد کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کی جانب سے پی ٹی آئی کی کارکن خان و دیگر کی لانگ مارچ توڑ پھوڑ کیس میں بری

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) وزیراعظم راناثناء نے کہا ہے پرامن احتجاج سب کا حق ہے لیکن سرپر سرمرچ پیسنے کا احتجاج کی کسی جمہوریت میں تو اجازت نہیں، عمران خان حکومت کے خلاف مسلح تحریک شروع کرنے کی پلاننگ کر رہے ہیں، سرمرچ پیسنے کا احتجاج کی کسی جمہوریت میں تو اجازت نہیں دی، وہ مسلح تحریک کی کسی بھی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے راناثناء نے کہا کہ اپنا آرڈر کی جمہوریت حال پیدا کرنے اور خود پھیلانے کی کسی کو اجازت نہیں دی، پاکستان آگے آپ چینل ..... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

قاضی فائز عیسیٰ پر حملے کیخلاف پنجاب اسمبلی میں قرارداد منظور

لاہور (نیوز رپورٹ) پنجاب اسمبلی میں قاضی فائز عیسیٰ کی گاڑی پر حملے کیخلاف قرارداد کثرت رائے سے منظور ..... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

لندن میں خواجہ آصف کو چاقو حملے کی دھمکیاں، حکومت کا ڈس پاکستان ہائی کمیشن کو پولیس سے رابطہ کرنے کی ہدایت

وزیر دفاع ٹرین میں ساتھی کے ہمراہ سفر کر رہے تھے، نامعلوم شخص نے پہلے جملے کسے اور پھر دھمکی آمیز الفاظ استعمال کیے

نامعلوم شخص نے تعاقب کرتے ہوئے جملے کی دھمکی دی، خواجہ آصف کے قریبی ذرائع نے واقعہ کی تصدیق کردی

لندن (نیوز رپورٹ) لندن میں وزیر دفاع خواجہ آصف کو چاقو حملے کی دھمکیاں دی گئیں، ذرائع کے مطابق نامعلوم شخص نے خواجہ آصف کا تعاقب کرتے ہوئے چاقو حملے کی دھمکی دی، خواجہ آصف کے قریبی ذرائع نے واقعہ کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ دھمکیوں، گالیوں کی ویڈیو حقیقی ہے، معاملہ ..... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

قاضی فائز عیسیٰ پر حملہ، برطانوی پولیس کی مکمل تحقیقات کی یقین دہانی

وفد کا دورہ ہائی کمیشن، کیسے نے سینئر کیسے کے معاملے پر تفصیلی بریفنگ دی، ذرائع

لندن (نیوز رپورٹ) سابق چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی گاڑی پر سینئر کیسے کے معاملے پر برطانوی ڈپٹیک پولیس پاکستانی ہائی کمیشن پہنچ گئی، برطانوی ڈپٹیک پولیس کے دورے کے موقع پر پاکستانی کیسے کے سابق چیف جسٹس کی گاڑی پر سینئر ..... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

کچھی کینال منصوبہ بلوچستان میں زرعی انقلاب کا پیش خیمہ ثابت ہوگا، صادق عمرانی

منصوبے کی تکمیل سے صوبے کی زرعی پیداوار سے متعلق ضروریات پوری ہوں گی اور بلوچستان معاشی طور پر بھی مستحکم ہوگا

بلوچستان کے تین اضلاع میں فصلوں کی کاشت چار فیصد سے بڑھ کر اسی فیصد تک پہنچے گی، صوبائی وزیر آبپاشی

کوئٹہ (سٹی پیج) صوبائی وزیر آبپاشی اور منیجر پارٹی کے سینئر لیڈر صادق عمرانی نے کہا ہے کچھی کینال منصوبے سے بلوچستان کے تین اضلاع میں فصلوں کی کاشت چار فیصد سے بڑھ کر اسی فیصد تک پہنچے گی اور منصوبے کی تکمیل سے زرعی پیداوار ..... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان موسمیاتی تبدیلی سے شدید متاثرہ 10 ممالک میں شامل ہے، اسحاق ڈار

آبادیوں کے تحفظ کی کوشش میں متحد ہونے کیلئے پرعزم ہر قیمتی پانی، ممالک فائنلز کا معہدہ پورا کریں

گرین پاکستان پراجیکٹ میں تمام ماحول دوست اقدامات شامل ہیں، خطاب

کوئٹہ (نیوز رپورٹ) نائب وزیراعظم و وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے کہا ہے پاکستان موسمیاتی تبدیلی سے شدید متاثرہ 10 ممالک میں شامل ..... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

نیب نے 128 ملین جائیداد کا قبضہ ایف بی آر کو دوبارہ دلوادیا

جائیدادوں کو سابق سینئر بینکر نکیس کراچی کی طرف سے خریدا گیا تھا، اعلامیہ

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) قومی احتساب بیورو (نیب) نے شہرکاند کا مدد کارروائی کرتے ہوئے 128 ارب مالیت کی ضبط شدہ جائیدادوں کا قبضہ ایف بی آر کو واپس دلوا دیا، قومی احتساب بیورو (نیب) کے ترجمان کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق نیب کراچی ..... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

شاہد آپ کو معلوم نہیں نادرا کے بانی سربراہ بھی فوجی تھے، منیر افسر

کیا آپ کی بطور چیئرمین نادرا تقرری غیر قانونی تھی؟، بائیکوٹ سے رابطہ کریں، جواب

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) چیئرمین نیکٹا ایڈمیرل (ر) ذکی اللہ نے کہا ہے کہ ہم نے نیکٹا کے معاملے پر سخت سوالات کے جواب میں لیفٹیننٹ جنرل منیر احمد نے بس اتنا کہنے پر اکتفا کیا ہے کہ وہ فوجی تھے، ..... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

9 مئی بہت بڑا واقعہ تھا، جج صاحب پر منی فیصلے کر رہے ہیں، سپریم کورٹ

جلسہ کیسز صاحب معذرت کیساتھ خامیاں آپ کی ہوتیں اور بدنام عدالتوں کو کرتے ہیں اگر کوئی جونیئر وکیل ایسا کرتا تو الگ بات تھی

ایک بندے، وکیل غائب ہو جاتے ہیں آپ مخفی بیان کی بات کر رہے ہیں، جج نے ریمارکس، امتیاز احمد شیخ کی ہوری خانت منظور

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) سپریم کورٹ نے 9 مئی توڑ پھوڑ کیس میں تحریک انصاف لاہور کے صدر اور کرین صوبائی اسمبلی امتیاز احمد شیخ کی 2 لاکھ روپے کے مچلکوں کے عوض ہوری خانت منظور کرلی، وکیل صفائی لطیف کھوسہ نے عدالت میں کہا کہ مخفی بیان میں ..... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل دوسری بار اضافے کا امکان

پیٹرول اور ہائی سپیڈ ڈیزل کی قیمتوں میں 4 اور 5 روپے فی لیٹر تک اضافہ متوقع

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 4 اور 5 روپے فی لیٹر اضافے کا امکان ہے، ایک رپورٹ کے مطابق پیٹرول اور ہائی سپیڈ ڈیزل کی قیمتوں میں 16 نومبر ..... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی اے کی نجکاری کیلئے حکومت نے نئے پلان پر کام شروع کردیا

فوجی ایئر لائن کو تقریباً ایوانیلیس گورنمنٹ کو گورنمنٹ معاہدے کے تحت فروخت کیا جارہا ہے، ذرائع

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) پی ٹی اے کی نجکاری کیلئے حکومت نے نئے پلان پر کام شروع کردیا، ذرائع کے مطابق پی ٹی اے کو ٹھیکہ پی ایوانیلیس گورنمنٹ نو ..... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ درانی، اسسٹنٹ ایڈمنسٹریشن کانفرنس کے شرکا میں شیلڈ تقسیم کر رہے ہیں

مالاکنڈ میں سی ٹی ڈی سے جھڑپ کے دوران 4 دہشت گرد ہلاک

3 دہشتگرد موقع پر ہی جہنم واصل ہوگئے، فرار ہونے والے کی گرفتاری کیلئے رات بھر سرچ آپریشن

مالاکنڈ (نیوز رپورٹ) مالاکنڈ کے علاقے بٹی ڈی اور دہشت گردوں میں جھڑپ کے دوران شہادت بنے کا کانسٹیبل رام ڈیلرانٹ (سی ٹی ..... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

اطلاعات تک رسائی، بلوچستان انفارمیشن کمیشن کی تشکیل آخری مراحل میں ہے، گورنر

عوام کا آئینی حق، مضبوط جمہوریت کا خواب بغیر اظہار کی مناد میں منصوبہ بندی کرنا ممکن نہیں

تمام پالیسیوں اور منصوبوں کا محور مرکز مفاد خلق ہی ہونا چاہیے عوامی رائے کو جانے بغیر اظہار کی مناد میں منصوبہ بندی کرنا ممکن نہیں

اطلاعات تک رسائی حکومت اور عوام کے درمیان اعتماد اور افہام و تفہیم کیلئے اشد ضروری ہے، جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ جمہوری جمہوریت کے خواب کو حقیقت میں بدلنے کیلئے پائیدار سازی، مضبوط سازی اور بہتر سازی کیلئے ضروری ہے کہ عام آدمی نہ صرف این سے پوری طرح آشنا ہو بلکہ اس میں اس کی ذاتی رائے بھی شامل ہو تاکہ پائیدار ترقی کے ساتھ ..... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

چیئرمین ایف بی آر نے ایرانی گاڑیوں پر ٹیکس لگانے کی سفارش کردی

ایران پاکستانی تاجروں سے ایوری دھوبی بند کرے یا پھر پاکستان بھی جواب میں ٹیکس لے

سفیر سے بات کی جائے، ہم نے دونوں والا ان کے زیر صدارت ہیں کے تاجر کیلئے برائے خزانہ کا اجلاس کرتے ہوئے کہا ہے، مختر تاجر کے ذریعے ایرانی ..... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

2024 کی طرح الیکشن ہوا تو بلوچ علاقوں میں نہیں ہوگا، مالک بلوچ

نوجوانوں کو زیادہ سے زیادہ ملازمتیں اور بلوچستان کے وسائل کو بلوچستان پہ خرچ کرنا چاہیے

بلوچستان میں سب سے بڑا مسئلہ لاپتہ افراد کا ہے روزانہ بلوچستان کی قومی شاہراہیں بند ہیں، بی این پی کے خصوصی بات چیت

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر مالک بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں الیکشن نہیں ہوگا کہ کوئی حصہ لے گا تو بلوچ علاقوں میں الیکشن نہیں ہوگا، بلوچستان میں سب سے بڑا مسئلہ لاپتہ افراد کا ہے روزانہ بلوچستان کی قومی شاہراہیں بند ..... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

خوارج کی پاکستان سے دہشتگردوں کی افغانستان واپسی روکنے کیلئے کوششیں

ہم کوئی اپنے آپ کو تیار کر کے اور سب قربانی کیلئے تیار ہیں، ٹلوروی، لفٹ حاتی کی آڈیو لیک

فتنہ الخوارج کے سرغنہ افغانستان میں چھپے بیٹھے اور دہشتگردوں کو ہدایات جاری کرتے ہیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) فتنہ الخوارج کے ٹولوی اور لفٹ حاتی کی آڈیو لیک منظر عام پر آگئی جس میں کہتے ہیں کہ ہم کسی کو اجازت نہیں، ہم کوئی تیار ہیں، مجاہدین کو راستہ بدلنے کی اجازت نہیں کوشش ہے ..... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

مردان، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے اے ایس آئی جاں بحق

مردان (نیوز رپورٹ) مردان میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے اے ایس آئی جاں بحق ہوگیا، پولیس کے مطابق واقعہ مردان کے علاقے تھانہ بابی میں پیش آیا جہاں اے ایس آئی نے ناکہ بندی کے دوران ..... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ میں بلوچستان کے مختلف اضلاع میں 15 نومبر کو موسم سرما کی پہلی بارش کا امکان

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں 15 نومبر کو موسم سرما کی پہلی بارش کا امکان ہے، محکمہ موسمیات کے مطابق بھکر، کوئٹہ، زیارت، ژوب، بارکھان، موسیٰ خیل، قلعہ سیف اللہ، بند ..... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

چیئرمین بلوچستان اسمبلی عبدالقہار اچکزئی، وفاقی وزیر بلوچستان طاہر پروین بلوچ ملاقات کر رہی ہیں

کوئٹہ، جامعہ بلوچستان کے پروائس چانسلر ڈاکٹر محمد عامر خٹک کا نویشن سینٹر کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بی پی ایل ایکشن 2024ء، پروگریسو پینل کی انتخابی منشور خوش اسلوبی سے جاری

پروفیسر عبدالقدوس کاکڑ کی قیادت میں طلباء، پروفیسر آزاد فدا کی قیادت میں ٹیچرز ایسوسی ایشن کے انتخابات کے سلسلے میں پروگریسو پینل کی قیادت نے ٹیچرز آزاد ڈویژن اور طلباء ڈویژن کے دورے کئے، کوئٹہ، ڈویژن کے کالج اساتذہ سے تفصیلی ملاقات، انتخابی منشور، کالج اساتذہ کے مسائل پر تفصیلی بات چیت اور دوٹک بحث ہوئی، جدوجہد پر اتفاق کیا گیا، بی پی ایل ایک اے کے دوران پروگریسو پینل کے صدارتی امیدوار پروفیسر عبدالقدوس کاکڑ کی قیادت میں پروگریسو پینل کے ٹیچرز آزاد ڈویژن کے تمام اضلاع کے کالجز کے دورے کئے جبکہ اسی دوران سابق صدر ذیلی بی ایل ایک پروفیسر آزاد فدا کی قیادت میں پروگریسو پینل کے ٹیچرز آزاد امیدواروں اور عہدیداران نے ٹیچرز آزاد ڈویژن کے تمام اضلاع کے کالجز کے دورے کئے، پروگریسو پینل کی قیادت نے دونوں ڈویژن کے مختلف کالجز میں منعقدہ استقبالیہ تقاریب میں شرکت کی، پروفیسر کے ساتھ گفت وشنید اور انکی آگاہ کی تنظیم کی غیر فعالیت کے باعث مشاورت کا کریڈٹ پینل کو دیا گیا، پاکستان پروفیسرز اینڈ لیکچررز ایسوسی ایشن کے انتخابات کے سلسلے میں کوئٹہ ایک بلٹ کے دوران پروگریسو پینل کے صدارتی امیدوار پروفیسر عبدالقدوس کاکڑ کی قیادت میں پروگریسو پینل کے ٹیچرز آزاد امیدواروں اور عہدیداران نے ڈویژن کے تمام اساتذہ سے ملاقات کی اور انتخابی منشور پر تبادلہ خیال کیا گیا، پی ایل ایک

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و جب
چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد

پی ٹی اے نے 9 لاکھ سے زائد گستاخانہ خاکوں اور فحش ویب سائٹس بلاک کر دیں

یہ بات انتہائی افسوسناک ہے کہ ملک بھر سے روزانہ تقریباً 20 ملین فحش ویب سائٹس تک رسائی کی کوشش کی جاتی ہے جو بین الاقوامی گیٹ وے پر بلاک ہیں

پی ٹی اے کی جانب سے سوشل میڈیا پر گستاخانہ اور غیر اخلاقی مواد پھیلانے والی ویب سائٹس کے خلاف سخت اقدامات کے تحت کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے: ترجمان پی ٹی اے

اسلام آباد (مرزا) پی ٹی اے کی جانب سے 9 لاکھ سے زائد گستاخانہ خاکوں اور فحش ویب سائٹس کو بلاک کر دیا گیا ہے۔ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے گستاخانہ اور فحش مواد پھیلانے والی ویب سائٹس کو بلاک کر دیا ہے۔ اب تک 100,183 گستاخانہ یو آر ایل اور 844,008 فحش ویب سائٹس کو بلاک کیا جا چکا ہے۔ پی ٹی اے کی جانب سے سوشل میڈیا پر گستاخانہ اور غیر اخلاقی مواد پھیلانے والی ویب سائٹس کے خلاف سخت اقدامات کے تحت کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ پی ٹی اے ان ویب سائٹس کو بھی بلاک کر رہی ہے جن کی اطلاع شہریوں اور حکومتی محکموں کی جانب سے دی جاتی ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق یہ سائٹس بھی بلاک کر دی گئیں جو بین الاقوامی گیٹ وے پر بلاک شدہ ان ویب سائٹس تک رسائی کی کوشش کی جاتی ہے جو بین الاقوامی گیٹ وے پر بلاک ہیں۔ صارفین جب ان ویب سائٹس کو بھی بلاک کر رہے ہیں تو ان کی اطلاع شہریوں اور حکومتی محکموں کی جانب سے دی جاتی ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق یہ سائٹس بھی بلاک کر دی گئیں جو بین الاقوامی گیٹ وے پر بلاک ہیں۔ صارفین جب ان ویب سائٹس تک رسائی کی کوشش کی جاتی ہے جو بین الاقوامی گیٹ وے پر بلاک ہیں۔ پی ٹی اے ان ویب سائٹس کو بھی بلاک کر رہی ہے جن کی اطلاع شہریوں اور حکومتی محکموں کی جانب سے دی جاتی ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق یہ سائٹس بھی بلاک کر دی گئیں

الٰہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر: پروفیسر شہید کامران ممتاز انے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر ۴-۱۸ مال روڈ ٹاؤن ہال روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر میر ممتاز انے

ٹیلی فون نمبر: 2821626-2821538-2829164-2835934 فیکس نمبر: 2830228

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

جمعرات 14 نومبر 2024ء

پھر سے احتجاج کی کال: استحکام کیسے آئے گا؟

ایک ایسے وقت میں جب وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ حکومت نے معیشت و معاشرت کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لئے مختلف انواع اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا ہے اور پہلے سے ملک میں بہت سارے مسائل چیلنجز اور بحران ان بات کے متقاضی ہیں کہ سیاسی قیادت فہم و فراست کا مظاہرہ کرتے ہوئے یکجہت ہو اور سیاسی استحکام کو یقینی بنائے ایسے میں یہ امر کسی المیے سے کم نہیں کہ پی ٹی آئی کی جانب سے پھر احتجاج کی کال سامنے آئی ہے اور چند گھنٹے ہی باقی ہیں تو یہ دیکھنے میں آیا ہے کہ احتجاج کس نوع کا ہوگا آیا یہ پاپی ٹی آئی کی بھرپور کامیابی ہوگی یا پھر اندرونی فیصلہ ایسی احتجاج کی نوعیت کیا ہوگی اور حکومت کا کیا ردعمل ہوگا فی الحال کچھ نہیں کہا جا سکتا مگر یہ بات طے شدہ اور یقینی ہے کہ وطن عزیز پاکستان کو چیلنجز درپیش ہیں ان حالات میں سیاسی استحکام کے انتہائی بنیادی طور کے حصول کی کوششیں متاثر ہوتی ہیں اور سیاسی بے یقینی اور افراتفری کو ہوا دینے والے عناصر کو پھر سے موقع ملے گا کہ وہ اپنی سازشوں کو دوام دیں اور سیاسی عدم استحکام کی فضاء بنائیں۔ اس بات سیاسی قیادت کی کیا ذمہ داری ہے اس پر بات کرنے سے قبل احتجاج کی کال کا جائزہ ضروری ہے کہ اس کا اعلان پی ٹی آئی کے بانی چیئرمین کی بہن علیمہ خان نے کیا ہے اور خود پی ٹی آئی نے اس کی تائید کی ہے چوبیس نومبر کو احتجاج کی کال دی ہے ساتھ ہی انہوں نے کہا ہے کہ یہ فائنل کال ہے اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے علیمہ خان کا کہنا تھا کہ چوبیس نومبر کو احتجاج کی حتمی کال بانی چیئرمین نے دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مطالبات تسلیم کیے جانے تک احتجاج جاری رہے گا جب کہ قوم نے اپنے مستقبل کا فیصلہ خود کرنا ہے دوسری جانب، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈا پور نے کہا ہے کہ احتجاج کے لئے تیاریاں مکمل ہے، پیٹھ درد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ان سے جب یہ سوال پوچھا گیا کہ علیمہ خان نے یہ اعلان کیا ہے تو اس پر وزیراعلیٰ کے پی کا کہنا تھا کہ ہماری تیاری پہلے سے مکمل تھی، بہترین طریقے سے تیاری کر رہے تھے اور اب بھی تیاری جاری ہے، اس بارے میں دیکھیں گے ہم نے پہلے ہی بتایا ہے کہ واپسی نہیں ہوگی، جب تک مطالبات پورے نہیں ہوتے ہیں واپسی نہیں ہوگی احتجاجی سیاسی افسوسناک ہے اور علیمہ خان کے اعلان اور بیان پر اگر چہ فی الحال وفاقی حکومت نے کوئی ردعمل نہیں دیا البتہ رہنما وفاقی لوگ عظمیٰ بخاری نے پی ٹی آئی کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا ہے کہ پاپی ٹی آئی کی سیاسی زندگی ڈھیل اور ڈیل کے گرد گھومتی آئی ہے انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کی سیاسی زندگی ڈھیل اور ڈیل کے گرد گھومتی آئی ہے انہوں نے کہا کہ پاپی ٹی آئی کی سیاسی زندگی ڈھیل اور ڈیل کے گرد گھومتی آئی ہے انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کی سیاسی پیدائش احتجاج و دھرنے اور جلسوں کی شرط پر ہوئی تھی، اڈیالہ کی انگلی، سازشی کردار اور سہولت کاری پاپی ٹی آئی کی سیاست کا قبلہ ہے، چور چوری کی گردان کرنے والے کا اپنا پرانا خاندان چوری میں رنگے ہاتھوں پکڑا گیا انہوں نے کہا ہے کہ سیاسی لوگ سیاسی جدوجہد کرتے ہیں لیکن سیاست کی آڑ میں فیڈریشن پر چڑھائی کے لئے اس طرح سے پی ٹی آئی کے احتجاج کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ جو قانون توڑنے کا شہریوں میں خوف و ہراس پھیلانے کا اس سے آہنی ہاتھوں نمٹا جائے گا۔ اس سے قبل خیبر پختونخوا کے مشیر اطلاعات بیرسٹر سیف نے ایک بیان میں کہا تھا کہ احتجاج کی فائنل کال کے لیے تیاریوں کو حتمی شکل دی جاری ہے اور فائنل کال اتنی شدید ہوگی کہ شاید ہم نواز واپسی موخر کر دے رہے ہیں عافیت سمجھیں ان کے پتھول وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ حکومت نے روزاول سے غیر معمولی حالات کا بہتر و احسن انداز میں سامنے کیے ہوئے اصلاح احوال کی کوششیں جاری رکھی ہیں رواں سال فروری اور مارچ میں معیشت خیر حالت میں تھی آج نومبر کے دوسرے ہفتے میں اس کے کئی درجہ بہتر ہے معیشت کی مکمل بحالی و استحکام کے لئے سیاسی استحکام اشد ضروری ہے اس لئے سیاسی قیادت کو چاہئے کہ وہ جلسے جلوس احتجاج کریں مگر ایسی کوئی بات اور ایسا کوئی عمل نہ کریں جس سے سیاسی افراتفری کا اندیشہ ہو اس سے قبل گزشتہ روز ایک اشارے سے یہ خدوخدی کہ عمران خان جس طرح کا احتجاج چاہتے ہیں وہ پارٹی کے سینئر رہنما اس کے خلاف ہیں اور انہوں نے چیئرمین پی ٹی آئی کو سمجھایا ہے کہ مناسب انتظامات اور فوائد و نقصانات سوچے بغیر ایسے کسی احتجاج کا اعلان کیا گیا تو یہ الٹا نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے انگریزی اخبار نے خبر دی ہے کہ پی ٹی آئی کے بیشتر سینئر رہنما جو اراکان پارلیمنٹ ہیں یا پھر کے پی کی حکومت کے حصہ ہیں بھرپور احتجاج کے حامی نہیں۔ حتیٰ کہ شعلہ بیاں رہنماؤں کو بھی ڈر ہے کہ بھرپور احتجاج کا گرگر بات نہیں ہوگا جس سے پارٹی کو نقصان ہوگا۔ پی ٹی آئی کے تقریباً تمام سرکردہ اراکان صوبائی اسمبلی ان لوگوں میں شامل ہیں جو ذوہ آرذائی احتجاج کے مخالف ہیں اور انہیں یقین ہے کہ اس سے عمران خان کی رہائی میں مدد ملے گی اور نہ پارٹی کو فائدہ ہوگا۔ اس کے برعکس، ان ارکان نے خبردار کیا ہے کہ اس اقدام سے پارٹی کے لئے مزید مسائل پیدا ہو سکتے ہیں اول تو حکومت اپنا احتجاج کی اجازت نہیں دے گی دوسرا یہ کہ اگر حکومت تحریک انصاف کو احتجاج کے لئے فری ہینڈ دے بھی دے تو اس صورت میں بھی مظاہرین یا احتجاج کی قیادت کرنے والوں کو مشکلات کا سامنا ہوگا ہم یہ سمجھتے ہیں کہ نہ صرف پی ٹی آئی بلکہ تمام جماعتوں کو چاہئے کہ وہ ملک اور قوم کو درپیش چیلنجز کا فہم و ادراک کریں ہمارے سادہ مگر سنجیدہ و سنگین چیلنجز کی طرف توجہ دیں مسائل میں ان کے حل کے لئے حکومت کو شاں ہے اور جب ملک میں معاشی کے ساتھ ساتھ سیاسی استحکام ہوگا تبھی مسائل کے حل کی یہ جدوجہد کامیابی اور کوششیں پایہ تکمیل تک پہنچ سکیں گی۔

دنیا کے سیاست میں بھونچال سا کیوں آگیا؟

ناصف اعوان

اسے کسی بھی سطح پر تسلیم نہیں کرتا مگر حقیقت یہ ہے کہ ٹرمپ کی جیت نے دنیا کو ہلا کر رکھ دیا ہے اس کے اثرات سے تو یہاں تک کہا جا رہا ہے کہ یہ دنیا کو تہہ و بالا کر دے گا اس کے اثرات کا تعین کرنا ابھی مشکل ہے البتہ اس کے اثرات کا جائزہ لینا ضروری ہے کہ یہ کیا کیا کرے گا

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

قومی اشتہارات ایک نجی کے جذبے سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆۔ ادارہ رائٹنگ اور مشکوک اشتہار والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆۔ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆۔ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆۔ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

اطلاع عام

پلاٹ نمبر CM-53/رقبہ 3100 فٹ واقع کریٹ باردانہ مارکیٹ ہزار گنجی کوئٹہ اس وقت شاہ غاسی ولد غلام رسول کے نام ہے ٹرانسفر حاجی غازی خان ولد حاجی رحیم اللہ کے نام کروانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں 7 یوم کے اندر Q D A سے رابطہ کریں۔
R No.....60484

اطلاع عام

پلاٹ نمبر CM-52/رقبہ 3100 فٹ واقع کریٹ باردانہ مارکیٹ ہزار گنجی کوئٹہ اس وقت سید نور ولد غلام رسول کے نام ہے ٹرانسفر حاجی غازی خان ولد حاجی رحیم اللہ کے نام کروانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں 7 یوم کے اندر QDA سے رابطہ کریں۔
R No.....60484

درستگی نام

میرا درست نام نیلم دختر حاجی محمد ہے جبکہ برتھ سرٹیفکیٹ میں غلطی سے میرا نام گل غنی لکھا گیا ہے درستگی کی جائے۔ المشتہر نیلم دختر حاجی محمد
.....Staff

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 56101-7925800-5 بنام روزے خان ولد نور محمد سکنہ جابز کوٹ بارکھان بازار میں گم ہوا ہے ملنے پر قریبی پوسٹ بکس میں ڈال دیں۔
نمائندہ بارکھان.....

گمشدگی کاغذات

میرے موٹر سائیکل CD70 کا اصل لیزر انجن نمبر CD567169 C - 7 5 2 0 8 6 چیسز نمبر CD567169 محمد آصف ولد منیر احمد دوران سفر گم ہوا ہے ملنے پر قریبی پوسٹ بکس میں ڈال دیں
نمائندہ بارکھان.....

شوگر یا ذیابیطس: اسباب، پھیلاؤ اور روک تھام کی تدابیر

تحریر: حبیب الرحمن سالانی
(ایڈیشنل ڈائریکٹر ہیلتھ ایجوکیشن سیل محکمہ صحت)

شوگر یا ذیابیطس (Diabetes) ایک ایسی بیماری ہے جو خون میں شکر کی مقدار بڑھ جانے سے پیدا ہوتی ہے۔ یہ بیماری دنیا بھر میں بہت عام ہو چکی ہے اور اس کے اثرات ہر عمر کے لوگوں میں دیکھے جا رہے ہیں۔ شوگر کی مختلف اقسام ہوتی ہیں، جن میں سے سب سے عام قسمیں ٹائپ 1 اور ٹائپ 2 ذیابیطس ہیں۔ ہم شوگر کے اسباب، اس کے پھیلاؤ اور اس کی روک تھام کے لئے ضروری تدابیر پر غور کریں گے۔

شوگر کیا ہے؟ شوگر ایک دائمی مرض ہے جس میں جسم کی انسولین بنانے یا اسے صحیح طریقے سے استعمال کرنے کی صلاحیت متاثر ہوتی ہے۔ انسولین ایک ہارمون ہے جو لبلبہ (Pancreas) سے خارج ہوتا ہے اور جسم کے مختلف حصوں میں خون سے شکر کو توانائی میں تبدیل کرتا ہے۔ جب یہ نظام خراب ہوتا ہے تو خون میں گلوکوز کی مقدار بڑھ جاتی ہے، جسے ہم شوگر کہتے ہیں۔ وقت کے ساتھ ساتھ یہ زائد شکر جسم کے مختلف اعضا پر منفی اثرات مرتب کرتی ہے، جن میں دل، گردے، آنکھیں اور اعصاب شامل ہیں۔ شوگر کیسے پھیلتا ہے؟ شوگر کا پھیلاؤ کئی عوامل پر منحصر ہوتا ہے جن میں اہم وجوہات حسب ذیل ہیں۔

1 غیر صحت مند طرز زندگی: فاسٹ فوڈ، چینی اور چربی والی غذائیں، جسمانی سرگرمیوں کی کمی اور زیادہ وزن شوگر کے پھیلاؤ کا باعث بنتے ہیں۔ جدید طرز زندگی میں جسمانی محنت میں کمی اور ٹیکنالوجی پر انحصار بڑھ جانے سے زیادہ لوگوں میں یہ مرض دیکھنے کو مل رہا ہے۔

2 وراثت: اگر خاندان میں کسی کو شوگر ہو تو اس بیماری کا شکار ہونے کے امکانات زیادہ ہوتے ہیں۔ خاص طور پر ٹائپ 2 ذیابیطس میں وراثتی عوامل کا بہت بڑا کردار ہوتا ہے۔

3 موٹاپا اور غیر متوازن غذا: زیادہ وزن اور غیر متوازن خوراک، خاص طور پر ایسی غذائیں جن میں چینی اور فاسٹ فوڈ شامل ہو، شوگر کے خطرے کو بڑھا دیتی ہیں۔ موٹاپا جسم کی انسولین کو صحیح طرح استعمال کرنے کی صلاحیت کو متاثر کرتا ہے۔

4 ذہنی دباؤ اور سٹریس: ذہنی دباؤ اور نفسیاتی سٹریس بھی شوگر کا باعث بن سکتا ہے۔ اس کے علاوہ نیند کی کمی اور غیر منظم روزانہ کی روٹین بھی انسولین کے نظام کو متاثر کر سکتی ہیں۔

5 عمر اور نسل: عمر بڑھنے کے ساتھ شوگر کا خطرہ بھی بڑھتا ہے، خاص طور پر 45 سال سے زیادہ عمر کے افراد میں۔ اس کے علاوہ کچھ نسلی گروہوں جیسے کہ جنوبی ایشیائی اور افریقی نسل کے لوگوں میں شوگر کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے۔

شوگر کی روک تھام کے لئے تدابیر کا جہاں تک تعلق ہے تو اگرچہ شوگر کا کوئی مکمل علاج نہیں ہے، لیکن چند آسان تدابیر اپنا کر اس کے خطرے کو کم کیا جا سکتا ہے۔

1 متوازن غذا: شوگر کی روک تھام کے لئے سب سے اہم قدم متوازن غذا کا استعمال ہے۔ زیادہ فائبر والی غذائیں جیسے کہ سبزیاں، پھل، اور مکمل اناج شوگر کو کنٹرول کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ شکر، نمک، اور چربی والی غذاؤں سے پرہیز کرنا بھی ضروری ہے۔

2 جسمانی سرگرمیاں: روزانہ کم از کم 30 منٹ کی جسمانی سرگرمی جیسے واکنگ، جاگنگ یا ورزش انسولین کو صحیح طریقے سے کام کرنے میں مدد دیتی ہے۔ باقاعدہ ورزش نہ صرف وزن کو کنٹرول کرتی ہے بلکہ شوگر کے خطرے کو بھی کم کرتی ہے۔

3 وزن کا کنٹرول: موٹاپے سے بچنے کے لئے وزن کو کنٹرول میں رکھنا بہت اہم ہے۔ خاص طور پر پیٹ کے گرد چربی بڑھنے سے انسولین کی مزاحمت میں اضافہ ہوتا ہے، جس سے شوگر کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ مناسب غذا اور ورزش کے ذریعے وزن کو کنٹرول میں رکھ کر شوگر سے بچا جا سکتا ہے۔

4 ذہنی دباؤ کو کنٹرول کرنا: ذہنی دباؤ اور نفسیاتی تناؤ سے بچنے کے لئے مراقبہ، یوگا اور دیگر ریلیکسیشن تکنیکس کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اچھی نیند اور وقت پر آرام کرنا بھی دباؤ کو کم کرنے کے لئے مفید ہوتا ہے۔

5 باقاعدہ میڈیکل چیک اپ: اگر خاندان میں شوگر کی تاریخ ہے یا دیگر خطرات موجود ہیں تو باقاعدگی سے ڈاکٹر کے پاس جا کر چیک اپ کروانا ضروری ہے۔ ابتدائی علامات جیسے بہت زیادہ پیاس لگنا، زیادہ بھوک لگنا، تھکاوٹ اور وزن کا غیر معمولی کم ہونا شوگر کی نشاندہی کر سکتے ہیں۔

6 ادویات اور انسولین کا استعمال: اگر شوگر کا مرض لاحق ہو جائے تو ڈاکٹر کی تجویز کردہ ادویات اور انسولین کا باقاعدہ استعمال کرنا ضروری ہوتا ہے۔ ٹائپ 1 ذیابیطس کے مریضوں کے لئے انسولین کا باقاعدہ استعمال ضروری ہے، جبکہ ٹائپ 2 ذیابیطس کے مریضوں کے لئے وزن کم کرنا اور ادویات استعمال کرنا مفید ہوتا ہے۔ شوگر ایک پیچیدہ لیکن قابل انتظام مرض ہے جسے صحت مند طرز زندگی، مناسب خوراک، ورزش اور باقاعدہ میڈیکل چیک اپ کے ذریعے کنٹرول کیا جا سکتا ہے۔ اس کی ابتدائی روک تھام بہت اہم ہے کیونکہ ایک بار شوگر لاحق ہونے کے بعد زندگی بھر اسے کنٹرول کرنا پڑتا ہے۔

میزئی اڈہ، رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی ڈپٹی کمشنر فاروق عبداللہ ایجوکیشن آفیسر سید محمد آمین آغا ہیڈ ماسٹر احمد خان اچکزئی عبدالمان اچکزئی جمیل احمد کاکڑ حاجی مراد خان سید فرید آغا حیات اللہ شاہین و دیگر گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول قلعہ عبداللہ میں منعقد تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

سبی کم لہڑی پی بی 8 ضمنی الیکشن کی گہما گہمی عروج پر 22 امیدوار میدان میں

کارنر میٹنگ، جلسے، جلوس جوڑ توڑ کا سلسلہ جاری، سردار کوہیار خان سرفراز ڈومکی اس وقت مضبوط امید وار کے طور پر سامنے آرہے ہیں جبکہ سبی اتحاد ماضی میں ایک پیج پر متحد تھے

پانچ امیدوار انتخابی آفس قائم کر کے انتخابی مہم میں چلا رہے ہیں، سردار کوہیار خان سرفراز ڈومکی، میر اصغر مری، سردار خان ولی مرغزانی، ڈاکٹر نور احمد شاہ فنجک اور محمد امین مگسی شامل ہیں

سبی (نمائندہ مشرق) حلقہ پی بی 08 سبی پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدوار سردار سرفراز خان چاکر ڈومکی کی وفات کے بعد پر خالی ہونی الیکشن کمیشن آف پاکستان نے سردار سرفراز خان ڈومکی کے وفات کے بعد ضمنی انتخابات کا اعلان کرتے ہوئے انتخابی شیڈول جاری کیا انتخابی شیڈول جاری ہونے کے بعد انتخابی سرگرمیاں شروع ہوگئی اور اس وقت سبی کم لہڑی پی بی 8 ضمنی الیکشن کی گہما گہمی عروج پر پہنچ گئی ہے، ضمنی الیکشن میں چھوٹے بڑے کارنر میٹنگ، جلسے، جلوس اور جوڑ توڑ کا سلسلہ جاری ہے ضمنی الیکشن میں 22 امیدوار حصہ لے رہے ہیں جبکہ پانچ امیدواروں نے اپنے انتخابی آفس قائم کر کے انتخابی مہم میں چلا رہے ہیں جن میں پاکستان پیپلز پارٹی کے نامزد امیدوار سردار کوہیار خان سرفراز ڈومکی، سبی اتحاد کے نامزد آزاد امیدوار میر اصغر خان مری، پاکستان تحریک انصاف کے نامزد امیدوار سردار خان ولی خان مرغزانی، پشتونخواہ ملی عوامی پارٹی کے نامزد امیدوار ڈاکٹر سید نور احمد شاہ فنجک اور آزاد امید وار ایڈوکیٹ محمد امین مگسی شامل ہیں، ضمنی الیکشن میں پاکستان پیپلز پارٹی کے نامزد امیدوار سردار کوہیار خان سرفراز ڈومکی اس وقت مضبوط امیدوار کے طور پر سامنے آرہے ہیں جبکہ سبی اتحاد ماضی میں ایک پیج پر متحد تھے اور مشترکہ امیدوار میر اصغر مری تھے جس کی وجہ سے پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدوار (مرحوم) سردار سرفراز خان ڈومکی اور سبی اتحاد کے امیدوار میر اصغر مری کے درمیان کانٹے دار مقابلہ ہوا تھا تاہم جنرل الیکشن کے آٹھ ماہ گزرنے کے بعد پاکستان پیپلز پارٹی کے کامیاب ایم پی اے سردار سرفراز خان ڈومکی کے وفات کے بعد یہ نشست خالی ہوا ہے جس پر الیکشن کمیشن آف پاکستان نے خالی ہونے والے نشست پر دوبارہ ضمنی الیکشن کا اعلان کر کے شیڈول جاری کیا۔ ضمنی الیکشن میں سبی اتحاد اپنی اتحاد کو برقرار نہ رکھ سکا اور تین حصوں میں بٹ گئی سبی اتحاد کے دو اہم ستون ڈاکٹر سید نور احمد شاہ اور خان ولی محمد خان مرغزانی سبی اتحاد کو خیر باد کرتے ہوئے اپنے سیاسی جماعتوں کے ٹکٹ پر الیکشن لڑ رہے ہیں ڈاکٹر سید نور احمد شاہ پشتونخواہ ملی عوامی پارٹی کے ٹکٹ پر جبکہ سردار خان ولی محمد خان پی پی آئی کے امیدوار ہیں، ضمنی الیکشن میں تمام امیدواروں کا ڈور ٹو ڈور، شاپ ٹو شاپ انتخابی مہم جاری ہے، ضمنی الیکشن میں اہم شاہراہوں اور گلی کوچوں کو ان کے حمایتوں نے اپنے امیدواروں کے بینرز اور پارٹی جھنڈوں سے سجا دیا ہے شہر امیدواروں کے پوسٹرز، بینرز اور جھنڈوں سے بھر گئے ہیں، اس وقت پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدوار سردار کوہیار خان ڈومکی مضبوط امیدوار کے طور پر سامنے آرہے ہیں جبکہ سبی اتحاد کے تینوں اہم شخصیات میر اصغر مری، سید نور احمد شاہ اور سردار ولی محمد خان مرغزانی ٹوٹ کر الگ الگ الیکشن لڑ رہے ہیں ان تینوں رہنماؤں کا ایک ساتھ الیکشن نہ لڑنے کا فائدہ پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدوار کو ہوگا ماضی میں سبی اتحاد کا مشترکہ ایک امیدوار تھا جس کی وجہ سے مخالف امیدوار کے ساتھ کانٹے دار مقابلہ ہوا اور ضمنی الیکشن میں میر اصغر مری سبی اتحاد، سید نور احمد شاہ پشتون خواہ اور سردار ولی محمد مرغزانی پی پی آئی کے امیدوار کے طور پر الیکشن میں حصہ لے رہے ہیں جن کی وجہ سے ان کے ووٹ آپس میں تقسیم ہونگے اور پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدوار سردار کوہیار خان ڈومکی کی بھاری اکثریت سے واضح کامیابی حاصل کرنے کے قوی امکان ہیں، جبکہ سبی اتحاد کے اتحاد کو برقرار رکھنے اور مشترکہ امیدوار کو الیکشن لڑ کے لئے کچھ شخصیت نے اپنا کلیدی کردار ادا کیا لیکن وہ کامیابی حاصل نہیں کر سکے اور اتحاد کے قریب آتے ہی دوبارہ اپنے فیصلے واپس لیتے اور متحد نہ ہو سکے جبکہ دوسری جانب اگر بات کی جائے اہم شخصیات کی حمایت کی تو پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنماء نواب چنگیز خان مری، رند اقوام کے سربراہ سردار یار محمد رند، جاموت قومی موومنٹ کے میر ماجد اچڑو، بی این پی عوامی کے میر اسد بلوچ سمیت دیگر درجنوں قبائلی شخصیت نے پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدوار اور اقوام ڈومکی کے سربراہ سردار کوہیار خان ڈومکی کے حمایت کا اعلان کیا ہے جبکہ سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان اقوام پی کے سربراہ نواب غوث بخش باروزئی نے پی پی آئی کے امیدوار سردار ولی محمد خان مرغزانی کے حمایت کا اعلان کیا ہے جبکہ سابق وزیر داخلہ نوابزادہ گزین خان مری نے سبی اتحاد کے امیدوار میر اصغر مری کے حمایت کا اعلان کیا ہے۔ جبکہ ضمنی الیکشن میں ایڈوکیٹ محمد امین مگسی آزاد حیثیت سے امیدواروں کے ڈور میں شامل ہیں آزاد حیثیت سے انتخابی مہم چلا رہے ہیں۔ ضلع سبی دو تحصیل پر مشتمل ہے جس کی کل آبادی 2 لاکھ 24 ہزار ہے حلقہ پی بی 08 سبی کی رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 1 لاکھ 16 ہزار ایک سو اکسٹھ ہے ضمنی الیکشن میں پولنگ 17 نومبر 2024 کو ہوگا بلوچستان کے سیاسی حلقوں کی نظر حلقہ پی بی 8 پر لگے ہوئے ہیں یہ ضمنی الیکشن بہت ہی اہمیت کے حامل ہیں حلقہ پی بی 8 سبی کے ہر امیدوار اپنی کامیابی کے لئے پر عزم ہے اور انتخابی مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہے ہیں، ضمنی انتخابات کے موقع پر سبی انتظامیہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے سیکورٹی کے سخت انتظامات کئے جا رہے ہیں جگہ جگہ پولیس کے بھاری نفری تعینات ہے داخلی و خارجی راستوں سمیت اندرون شہر اسٹیپ چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے امیدواروں کے انتخابی دفاتر پر بھی سیکورٹی کے اہلکار تعینات کر دیئے گئے ہیں۔ 17 نومبر کو سبی لہڑی کے عوام اپنے تقدیر کا فیصلہ کریں گے اور ووٹ دے کر اپنا نمائندہ کا انتخاب کریں گے۔

یونین کونسل غربی لونی کے انتخابات مکمل بشیر احمد شادوزئی چیئرمین منتخب

دکی (آن لائن) یونین کونسل نمبر 07 غربی لونی کے چیئرمین کے لئے انتخابات مکمل ہوگئے بشیر احمد شادوزئی بلا مقابلہ یونین کونسل غربی لونی کے چیئرمین منتخب ہوگئے انتخابات ریٹرننگ آفیسر محمد عمران مندوخیل کے زیر نگرانی ہوئے دن چار بجے تک کسی امیدوار نے کاغذات نامزدگی جمع نہیں کئے۔

ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی ڈاکٹر مرشد دشتی کا بی ایچ یو شادو بند کا تفصیلی دورہ

گوادر (خ ن) ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی ڈاکٹر مرشد دشتی نے بنیادی صحت مرکز (بی ایچ یو) شادو بند کا تفصیلی دورہ کیا، جس کے دوران انہوں نے مرکز میں فراہم کی جانے والی صحت کی سہولیات کا معائنہ کیا۔ انہوں نے ٹیلی ہیلتھ کلینک، ای پی آئی یونٹ، ایم سی ایچ سینٹر، لیبارٹری، اور جنرل او پی ڈی کا جائزہ لیا اور ان میں دستیاب سہولیات کو جانچا۔

خاران، ڈی ایچ او ڈاکٹر شیر احمد بلوچ نئی میڈیکل سٹور کا افتتاح کر رہے ہیں

لورالائی ٹیچنگ ہسپتال میں مریضوں کو لوٹنے کا سلسلہ بند کیا جائے

ہسپتال میں ادویات تو دور کی بات سرنج تک میسر نہیں، کمشنر لورالائی نوٹس لیں

لورالائی (نامہ نگار) ڈویژنل ہیڈ کوارٹر لورالائی کا ٹیچنگ ہسپتال مریضوں کو سہولیات دینے کے بجائے کچھ کے ڈاکوں کا اڈا بن چکا ہے دور دراز سے لوگ ڈیلوری کیسز کے لیے لورالائی ہسپتال آتے ہیں ہسپتال میں گائنی وارڈ کا عملہ دن دیہاڑے دور دراز سے آئے ہوئے مریضوں کو بازار سے ڈبل ادویات منگواتے ہیں جو بعد میں دوبارہ اسی میڈیکل پر فروخت کر دی جاتی ہے ڈیلوری کیس کے بعد بچے کی ولادت پر لڑکی کی پیدائش پر 1500 لڑکے کی پیدائش پر 2000 ہزار روپے وصول کرتے ہیں پورے ہسپتال میں ادویات تو دور کی بات ایک سرنج تک میسر نہیں ہے لورالائی ہسپتال کی حالت بھی کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہے

زمیندار ایکشن کمیٹی اور صوبائی حکومت کا سولر سسٹم زمینداروں کیلئے خواب بن گیا

منگچر (یو این اے) صوبائی حکومت اور زمیندار ایکشن کمیٹی سولر انرجی سسٹم زمینداروں کیلئے ایک خواب بن گیا ڈیڑھ سال سے زیر التوا سولر انرجی سسٹم کی کاغذی کاروائی نامکمل زمیندار ایکشن کمیٹی اور صوبائی حکومت کی جانب سے ہر ایک ہفتہ کے بعد ایک اعلان کرتے ہیں کہ زمیندار احضرت یہ فارمولا جمع کریں مگر زمیندار ایکشن کمیٹی اس بارے میں نہ کوئی ایکشن لیتے ہیں اور نہ صوبائی حکومت سے بات چیت کرتے ہیں کہ ہر ہفتہ ایک نیا فارمولا کی اعلان کرتی ہیں ان کو کیا پتہ کہ یہ غریب زمیندار کس مشکل سے ہر ہفتہ یہ فارمولا جمع کراتے ہیں زمیندار ایکشن کمیٹی بھی صوبائی حکومت کے سامنے بے بس صوبائی حکومت جو بھی کہے وہ قبول ہیں دوسری جانب زمینداروں کو صرف تین گھنٹے بجلی ناقص وولٹیج کے ساتھ ملتی ہیں اب ڈیڑھ سالوں سے تین گھنٹے میں زمیندار کس طرح کاشتکاری کرتے ہیں زمینداروں نے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ سولر انرجی سسٹم کو جلد از جلد بحال کیا جائے یا چھ گھنٹے بجلی فراہم کیا جائے تاکہ زمیندار طبقہ کاشتکاری کر سکے

شیخ زید ہسپتال خاران میں لائف فارمیسی اسٹور کا افتتاح

خاران (نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر خاران ڈاکٹر شیر احمد بلوچ نے خاران شہر میں بلمقابل ڈویژنل ہیڈ کوارٹر شیخ زید ہسپتال خاران میں لائف فارمیسی اسٹور کا افتتاح کیا افتتاحی پروگرام میں ایم ایس ڈویژنل ہیڈ کوارٹر شیخ زید ہسپتال خاران ڈاکٹر محبوب بلوچ سیاسی رہنما حاجی زکریا مینگل سمیت مختلف طبقہ فکر کے لوگ موجود تھے اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر خاران ڈاکٹر شیر احمد بلوچ نے کہا کہ لائف فارمیسی کے قائم ہونے سے خاران کے عوام کو کافی سہولت میسر ہوگا لائف فارمیسی کے مالکان کو چاہیے کہ وہ زیادہ سے زیادہ عوام کو ادویات کی قیمتوں میں ریلیف دیں لائف فارمیسی ایک با اعتماد ادارہ ہے جس کی شاخیں صوبے کے دیگر علاقوں میں پھیل گئی ہیں جو بڑے شہروں میں دن رات سروسز دے رہے ہیں تاکہ رات اور دن کے اوقات لوگوں کو ادویات کی دستیابی میں مدد دے رہے ہیں بلکل اسی طرح خاران میں لائف فارمیسی کی شاخ کھولنا خوش آئند عمل ہے جس سے لوگوں کو بہتر طور پر سہولیات میسر ہوگی اور معیاری داموں میں ادویات کی دستیابی ممکن ہوگی

میری سیاست کا مقصد عوامی کی خدمت، علاقے کی ترقی ہے، سردار عمرانی

حلقہ پی بی 14 تمبو سمیت نصیر آباد کے غریب عوام کی خدمت سے دلی سکون ملتا ہے

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) صوبائی مشیر برائے لیبر اینڈ مین پاور پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما بیرسٹر چیف سردار غلام رسول عمرانی نے مشرق نیوز و دیگر مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ میری سیاست کا مقصد عوامی خدمت اور علاقے کی ترقی کی خاطر ہے۔ مجھے حلقہ پی بی 14 تمبو سمیت نصیر آباد کے غریب مظلوم عوام کی خدمت سے دلی سکون ملتا ہے میری ذاتی کوششوں سے کہ ہر طبقہ فکر کے مسئلہ مسائل کو حل کرنے کے لیے اپنی بساط کے ساتھ خدمت کر رہا ہوں۔ حالانکہ حلقہ تمبو میں گزشتہ دس سالوں سے اربوں روپے کے ترقیاتی فنڈ آئے لیکن سارا علاقہ کھنڈرات بن چکا ہے ہر سال خریف کے سیزن میں زرعی پانی کا سنگین مسئلہ عوام کے سامنے ہے لیکن اس دفعہ زرعی پانی کی تقسیم کو یقینی بنایا گیا۔ پچھلے دس سالوں میں تمبو کے حکمرانوں نے عوام پر توجہ دینے کے بجائے اپنے لئے مہینہ اربوں روپے کمائے گئے۔ پورا حلقہ تمبو زرعی پانی کے لئے کربلا کا منظر پیش کرتا تھا الحمدللہ اس دفعہ پیپلز پارٹی کی حکومت نے نصیر آباد کے کسانوں کو زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنایا گیا۔ پچھلے دس سال میں نمائندے نے میرٹ کو پامال کر کے پوسٹوں کو فروخت کیے جا رہے تھے۔ جو ظلم اور زیادتی کی آخری حد ہے۔ لیکن اب ان شاء اللہ میرٹ پر سرکاری ملازمتیں دی جائے گی حلقہ انتخاب پی بی 14 تمبو کے عوام کی ترقی، خوشحالی، بے روزگاری کے خاتمے، اور بچوں کی روشن مستقبل صحت، تعلیم، بجلی، پانی جیسے بنیادی مسائل کو حل کرنے کی بھرپور کوشش کرینگے۔ ان شاء اللہ بہت جلد نصیر آباد کو ترقی یافتہ اضلاع میں شامل کرینگے اور عوام کی فلاح و بہبود ترقی خوشحالی کے لیے بھرپور اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

سراوان ہاؤس کے وفد کی سردار کوہیار خان ڈومکی، میر دینار خان ڈومکی سے ملاقات

ڈھاڈر (آن لائن) سراوان ہاؤس کے نمائندہ وفد کی قاضی سراوان غلام قادر اور چوہدری رام چند ایڈووکیٹ کی قیادت میں سردار کوہیار خان ڈومکی اور میر دینار خان ڈومکی سے ملاقات، ملاقات میں باہمی دلچسپی اور الیکشن کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ وفد نے پی بی 8 سبی کے ضمنی الیکشن میں سردار کوہیار خان ڈومکی کی حمایت کا اعلان کیا۔ اس موقع پر نائب سانول خان، ڈومکی پینل کے کونسلر سنتوش کمار ڈنگ اور سبی پنچایت کے کلبھی گلشن داس بھی ان کے ہمراہ تھے۔ آخر میں سردار کوہیار خان ڈومکی نے وفد کی ڈومکی ہاس آمد اور حمایت پر تہہ دل سے ان کا شکریہ ادا کیا۔

نصیر آباد، ڈی ایچ او ڈاکٹر عبدالمنان لاکی سی ڈی عاشق حسین کا دورہ کر رہے ہیں

خاران کیڈٹ کالج خاران تعلیم و تربیت کے شعبے ایک شاہکار ہے، کمشنر رخشان

کیڈٹ کالج کی لائبریری کے لئے اپنی طرف سے کتابیں فراہم کرنے کا اعلان کیا

خاران (نمائندہ خصوصی) کمشنر رخشان ڈویژن مجیب الرحمن قمرانی نے ایڈیشنل کمشنر رخشان بادل دشتی کے ہمراہ خاران کیڈٹ کالج کا دورہ کیا، کمشنر رخشان نے کیڈٹ کالج کے کلاس رومز، لائبریری اور باقی شعبوں سمیت طلباء کے ہاسٹل اور میس کا بھی معائنہ کیا کمشنر رخشان ڈویژن نے کیڈٹ کالج خاران میں ترقیاتی پروجیکٹس کے کاموں کا بھی جائزہ لیا اس موقع پر کیڈٹ کالج خاران کے پرنسپل کرنل محمد ایاز خان نے کمشنر رخشان کو کیڈٹ کالج کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی، جس میں کیڈٹ کالج خاران میں جاری تعلیمی سرگرمیوں، ترقیاتی پروجیکٹس، سکیورٹی انتظامات، شجرکاری پلانٹیشن اور باقی شعبے شامل تھے۔ کمشنر رخشان ڈویژن مجیب الرحمن قمرانی نے کالج کمانڈنٹ پرنسپل اور انکی ٹیم کی محنت جانفشانی خدمات اور کیڈٹس کی جانب سے تعلیمی سرگرمیوں میں خصوصی دلچسپی لینے کو سراہا اور کالج کی مزید بہتری کے لئے اپنا بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ کمشنر نے کیڈٹ کالج خاران کے لائبریری کے لئے اپنی طرف سے کتابیں فراہم کرنے کا اعلان کیا کمشنر نے کالج کے ترقیاتی پروجیکٹس اور باقی بعض مسائل سے متعلق اعلیٰ ذمہ دار حکام سے رابطہ کرنے کی یقین دہانی کرائی، کمشنر رخشان نے کہا کہ کیڈٹ کالج خاران بلا شبہ بلوچستان خاران کی سرزمین پر تعلیم و تربیت کے شعبے ایک شاہکار ہے کیڈٹ کالج خاران کو ایک مثالی ادارہ بنانے میں بھرپور کردار ادا کیا جائے گا

ڈیرہ مراد جمالی، سبزی منڈی کے نومنتخب صدر ایاز احمد گجر کو الیکشن جیتنے پر حاجی ارباب مٹھا خان گجر و دیگر مبارکباد دے رہے ہیں

شاہوانی اور بنگلزئی اقوام کے درمیان دیرینہ تنازعے کا تصفیہ

مستونگ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما چیف آف بیرک نوابزادہ شاہ دین خان شاہوانی کے سربراہی میں اقوام شاہوانی اور بنگلزئی کے درمیان دیرینہ تنازعہ کا مکمل تصفیہ کیا گیا جرگہ میں نواب خان شاہوانی نے مگری ملک بیگ شاہوانی، پروفیسر محمد اقبال بنگلزئی، میر مجید شاہوانی، حاجی ریاض احمد شاہوانی، ملک تاج محمد شاہوانی، حاجی محمد عمر بنگلزئی، حاجی شاہنواز بنگلزئی، رحمت جان شاہوانی، ماسٹر لیاقت جان شاہوانی، محمد یوسف شاہوانی، نذیر احمد شاہوانی، عطاءاللہ شاہوانی، نصراللہ بنگلزئی، نائب پاہند خان شاہوانی، ہمایوں شاہوانی، نور احمد بنگلزئی ماما واحد شاہوانی، حاجی محمد عثمان شاہوانی، محمد عالم شاہوانی، و دیگر معززین موجود تھے

مسائل اجاگر کرنے کے لئے شہری اتحاد کا ہونا ضروری ہے

حیدر آباد (اے این این) شہری اتحاد صحت پور کے بانیان کا اہم اجلاس حافظ محمد صدیق بھٹی کی رہائش گاہ پر منعقد ہوا جس میں بانیان شہری اتحاد صحت پور نے بڑے غور و فکر کرنے کے بعد کہا کہ شہری اتحاد کا ہونا ضروری ہے شہری مسائل آئے روز بڑھتے جا رہے ہیں ان مسائل کو اجاگر کرنا اور ان کے حل کا راستہ ڈھونڈنا بہت ضروری ہے مزید انھوں نے کہا کہ پہلے بہت دیر ہو چکی ہے باہمی مشاورت کے بعد طے کر لیا گیا

نوشکی بوزر ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن کا احتجاجی دھرنا گاڑیوں کی لمبی قطاریں

مظاہرین کی موٹروے اور پنجاب پولیس رینجر کے خلاف شدید نعرہ بازی، ڈرائیوروں کی بڑی تعداد نے شرکت کی

اکثر ایرانی تیل کی وجہ سخت تنگ کیا جاتا ہے، جائزہ مطالبات تسلیم نہ ہوئے تو سخت لائحہ عمل کا اعلان کرینگے، مظاہرین

نوشکی (نامہ نگار) ایل پی جی بوزر ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن کی جانب سے نوشکی اسٹیشن کے مقام پر اپنی بوزر گاڑی کھڑی کر کے احتجاجی دھرنا دیا بوزر گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئی مظاہرین نے موٹروے پولیس اور پنجاب پولیس رینجر کے خلاف شدید نعرہ بازی کی احتجاجی مظاہرے سے ایل پی جی ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن کے وائس چیئرمین حاجی محمد اعظم، حاجی عطاء اللہ بادینی، عبدالرحمن، غلام قادر بادینی، عبداللطیف میروانی و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موٹروے پولیس، پنجاب پولیس اور سندھ رینجرز بوزر گاڑیوں کے ساتھ ناروسلوک اور ناجائز چالان کرتے ہیں بلوچستان میں پاکستانی پیٹرول پمپ زیادہ نہ ہونے کی وجہ سے ہمارے بوزر گاڑیوں میں اکثر ایرانی تیل کی وجہ ہمارے سخت تنگ کرتے ہیں لہذا حکومت سے ہم مطالبہ کرتے ہیں ایل پی جی ٹرانسپورٹ ایک قانونی طور پر ہے ہمارے جائزہ مطالبات تسلیم کرے بوزر گاڑیوں کا چالان نہیں کرے، اگر ہمارے مطالبات تسلیم نہیں کیے تو سخت لائحہ عمل کا اعلان کرینگے احتجاجی مظاہرہ میں بوزر مالکان، ڈرائیوروں و دیگر نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور موٹروے پولیس کیخلاف سخت نعرے بازی کی۔

راجی راہشون بلوچستان کے مظلوم عوام کی واحد آواز ہیں، بی این پی عوامی

میر اسداللہ بلوچ چند اسکیمات کے عیوض اصولی موقف سے دستبردار ہونے والے نہیں

سبی (نمائندہ مشرق) حلقہ بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے ضلع سبی سیکرٹریٹ

روزنامہ مشرق کوئٹہ
اسپورٹس

پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان ٹی ٹوئنٹی سیریز کل آج سے آغاز

پہلا میچ برسبن میں کھیلا جائے گا، محمد رضوان بیٹ کا تسلسل برقرار رکھنے کے لیے پرعزم، پاکستان کی ٹی ٹوئنٹی میں قیادت کرنیوالے 12 ویں کپتان ہونگے

جوش انگلش آسٹریلیا کی قیادت کریں گے، ٹم ڈیوڈ اور گلین میکسویل ٹیم میں شامل کیے گئے ہیں

برسبن (اے این این) پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان ٹی ٹوئنٹی سیریز کا آج (جمعرات کو) آغاز ہوگا، پاکستان محمد رضوان کی آسٹریلیا کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز میں بھی بیٹ کے لیے پرعزم دکھائی دے رہے ہیں، ان کی قیادت میں پاکستان کیمپ کی تیاریاں جمعرات کو برسبن میں شروع ہوئیں، تین میچوں کی سیریز کا پہلا میچ برسبن کے گیبھا میں کھیلا جائے گا، جوش فلپ، زنگر اور کوپلانڈ کی جگہ ٹیم میں شامل کیے گئے ہیں، محمد رضوان کی ٹی ٹوئنٹی میں قیادت کرنیوالے 12 ویں کپتان ہونگے، کیمرہ مین سلمان اکرم نے کراچی میں پانچ روزہ تربیتی کیمپ کا دورہ کیا، محمد رضوان کی قیادت میں پاکستان کیمپ اس کے دورے سے متعلق پرعزم ہے، چھ کھلاڑی جنہا ہارون، محمد عباس آفریدی، عمیر بن یوسف، صاحبزادہ فرحان، سفیان مقیم اور عثمان خان نے کراچی میں پانچ روزہ تربیتی کیمپ کا دورہ کیا، 11 نومبر کو برسبن میں ٹی ٹوئنٹی اسکواڈ میں شامل ہونے والے 14 کھلاڑی اسکواڈ میں شامل ہونگے، ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ میں پاکستان اور آسٹریلیا کا دوطرفہ مقابلوں میں آخری ٹی ٹوئنٹی سیریز 2022 میں ہوا تھا جب دونوں ٹیموں نے لاہور میں واحد ٹی ٹوئنٹی کھیلا تھا جس میں آسٹریلیا نے کامیابی حاصل کی تھی، نومبر 2019 میں آسٹریلیا میں پاکستان کی آخری ٹی ٹوئنٹی سیریز میں اننگز کی قیادت کریں گے ہٹلر ڈیوڈ اور جوش انگلش اور گلین میکسویل کی جگہ ٹیم میں شامل کیے گئے ہیں، محمد رضوان نے بتایا کہ ہم آسٹریلیا کو ون ڈے سیریز میں شکست دینے کے بعد پرعزم ہیں لیکن میں الزامی کرکٹ میچ شیڈیوٹ ہوتی ہے۔

دھونا، نیوزیلینڈ اور سری لنکا کے دورے، ون ڈے میچ میں نیوزیلینڈ بیٹر شاٹ کھیل رہے ہیں

بابر اعظم نے عثمان خوابے کی فاؤنڈیشن کو ٹیسٹ جرسی عطیہ کر دی

لاہور (آن این آئی) سابق کپتان بابر اعظم نے ایک لیسٹ جرسی عطیہ کر دی، برسبن میں سابق کپتان بابر اعظم نے آسٹریلوی کرکٹر عثمان خوابے کو ان کی فاؤنڈیشن کے لیے لیسٹ جرسی عطیہ کر دی، برسبن میں سابق کپتان بابر اعظم نے آسٹریلوی کرکٹر عثمان خوابے کو اپنی شرٹ خوابے فاؤنڈیشن کے لیے دی، اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے عثمان خوابے نے کہا کہ عثمان بھائی سے میں رابطے میں رہا ہوں، میچز میں شامل نہ ہونے کا دکھ ہے۔

بھارتی روایتی بے حسی، پاکستانی اسکرائبیل ٹیم کو ویزے دینے سے انکار

ہاکی ٹورنامنٹ کی استقبالی پاکستان ٹیم شیخ لیوتھ اسکرمبل چیمپئن شپ کے فائنل کے دفاع پر عزم ہوگئی

ہاکی ٹورنامنٹ کی استقبالی پاکستان ٹیم شیخ لیوتھ اسکرمبل چیمپئن شپ کے فائنل کے دفاع پر عزم ہوگئی، اس حوالے سے ہیٹیرز میں پوچھ گچھ کی گئی اور کھلاڑیوں کو ویزے دینے سے انکار کر دیا، بھارتی حکومت نے کھیل میں سیاست کر دی کرتے ہوئے اسکرمبل کی ٹیموں پاکستانی ٹیم کو ویزے میں شامل نہ کرنے کیلئے اوقیٹ ہٹلنٹوں کا

بھارتی ٹیم کے کچھ کھلاڑی پاکستان آنے سے متعلق تشکیک کا شکار تھے، وکرانت گپتا کا انکشاف

ہاکی ٹی ٹی کے کپتان نے کہا کہ حکومت ہم کیلئے کوئی مسائل پیدا نہیں کیا، ہاکی ٹی ٹی کے بارے میں سے

لاہور (ایاز نیوز) بھارت سے ہیٹیرز کھیلنے پاکستان آنے سے انکار کر دیا ہے جنہیں ہی ذہنی پاسے موقف رکھتے کیا ہے اور باہر کا مائل قبول کرنے سے انکار کر دیا، بھارتی صحافی وکرانت گپتا کا کہنا ہے کہ بھارتی ٹیم کے کچھ کھلاڑی پاکستان آنے سے متعلق تشکیک کا شکار تھے، ہاکی ٹی ٹی میں خصوصی کے موقع پر اپنے جاری کردہ بیان میں کہا انہوں نے کہا کہ کرکٹ ایکشن کا شکار ہونے والے افراد کی بڑی تعداد ذہنی طور میں صحت کے لیے ایک بڑا تشکیل بن چکا ہے، اور اس کا زیادہ تر ذمہ دار صحت کی خرابیوں کیلئے کہ غیر متوازن غذا اور ورزش کی کمی، دماغ، ذہنی دباؤ ہے، ذیابیطس

ذیابیطس کی روک تھام کیلئے آگاہی مہم ضروری: ڈاکٹر بشیر

صحت مند طرز زندگی اپنانا ذیابیطس کی روک تھام میں مدد گار ثابت ہوگا، ماہرین

کوئٹہ (پ ر) شوگر ذیابیطس ایک ایسی بیماری ہے جو خون میں شوگر مقدار بڑھ جانے سے پیدا ہوتی ہے۔ یہ بیماری جو کہ آگاہی مہم کو تیز کرنا ہوگا کن خیالات کا تجاوز کرگ ٹرینٹ اینڈ ہیٹیرز سوسائٹی کے ڈاکٹر بشیر نے ماہی پوران قبول کرنے کے موقع پر اپنے جاری کردہ بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ ذیابیطس کا شکار ہونے والے افراد کی بڑی تعداد ذیابیطس کی صحت کے لیے ایک بڑا چیلنج بن چکا ہے، اور اس کا زیادہ تر ذمہ دار صحت کی خرابیوں کیلئے کہ غیر متوازن غذا اور ورزش کی کمی، دماغ، ذہنی دباؤ ہے۔ ذیابیطس

امن و امان میں خلل ڈالنے والے حوالات کی ہوا کھائیں گے، محمد انور بادینی

پولیس ایکٹ (ترمیم خصوصی) ایکٹ ہیٹیرز میں، مظلوم کی فوری دادرسی یقینی بنائیں

لاہور محمد (ذمائندہ خصوصی) ایم کیو ایم پاکستان کے رہنما محمد انور بادینی نے کہا ہے کہ امن و امان میں خلل ڈالنے والے حوالات کی ہوا کھائیں گے پولیس ایکٹ بالکل ہی فرائض دینداری کے ساتھ ہم اپنے مظلوم اور مظلوم کی فوری دادرسی کیلئے یقینی بنائیں ان خیالات کا اظہار ایس پی لیس انور بادینی نے مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ڈی ایس پی سرفل لاہور محمد فیصل حسن ڈی ایس پی شکایت سیل نے ایجاز خیالات ایس ایچ او پولیس تھانہ صدر منظور جمالی اور اہل کار 15 افسر اس اجلاس میں موجود تھے ایس پی محمد انور بادینی نے ذمہ کرائی کی پولیس ہیٹیرز میں صحت کے ساتھ ساتھ ہیٹیرز کی ذمہ داری ہے کہ ہیٹیرز کی بنیادی ذمہ داری ہیٹیرز کی ہیٹیرز کی ہیٹیرز کی

1 وزیراعلیٰ
بلوچستان کو مہنگائی کے بوجھ سے نجات دلانا ہمارا اولین ترجیح ہے، کیش کی کوئی کمی نہیں ہے، کوشش ہے کہ عوام کو ریلیف دیا جائے، وزیراعلیٰ بلوچستان کی گفتگو کے دوران ایک صحافی نے کہا کہ صوبائی کابینہ کے اجلاس میں بھی کہا گیا ہے کہ ماتھے پر لکھا ہے کہ ہم نے کیا کرنا ہے، ایران میں ہر ایک کلومیٹر اندر جانے پر کسٹم کی گاڑیوں سے مزید ایک ڈالر کی کمیشن چارج کیا جاتا ہے۔

2 شیر افضل مروت
ہوتے ہیں، کپڑوں میں شامل کھوں میں بغیر کسی صرف کی قیادت پر سوشل میڈیا کے ذریعے تنقید کرنے والے ہیں، افضل مروت نے کہا ہے کہ ہم نے اپنے مستقبل کا فیصلہ خود کرنا ہے، وہ

بلوچستان حکومت مالی سال 2024-25 میں ایک ارب سے زائد رقم استعمال ہی نہ کر سکی، پی اے سی کے اجلاس میں انکشاف

اجلاس میں بھی انکشاف ہوا کہ محکمہ ایجوکیشن، ایڈیا ٹیکنیکل کیلئے پانی مہیا کرتا ہے اور صرف 7 روپے فی ہزار گیلن وصول ہوتا ہے

سول ڈیم پروجیکٹ اور مازہ میں غیر معاشی لاگت میں اضافہ ہوا، جس کو 8 ارب روپے میں مکمل کیا گیا

کشمرکوئٹہ ڈویژن مزدور تنظیمات صفا کوئٹہ ممبر کے حوالے سے میڈیا کو بریفنگ دے رہے ہیں

کوئٹہ (این این اے) کوئٹہ (این این اے) ہنزہ میں پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (پی اے سی) اصغر علی نزین کی زیر صدارت سی اے اجلاس بلوچستان کے محکمہ آبپاشی کے تحت ڈیموں کے لئے مختص کیا ہوئی اور آڈٹ سال 23-2022 کے ساتھ بلوچستان سوشل کمیٹی کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا کمیٹی نے مالی سال 22-2021 میں کے لئے مختص کیا ہوئی اور آڈٹ سال 23-2022 کے لئے آڈٹ رپورٹ کا جائزہ لیا۔ دوران اجلاس حب میں ایڈیا ٹیکنیکل کیلئے پانی کی فراہمی پر تبادلہ خیال ..... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7

چین، پاک افغان بارڈر پر 17 نومبر سے پاسپورٹ کی شرط لازمی قرار

چین (این این اے) چین بارڈر پر ہر ذی اکوونٹ پالیسی کے نفاذ میں حکومت پاکستان نے جو مہلت دی تھی وہ ختم ہوگئی شناختی کارڈ یا افغانی تذکرہ رکھنے والے افراد بارڈر پر واپس آنے کے بعد چاہئیں بارڈر سیکورٹی اتھارٹی کا کہنا تھا کہ بغیر پاسپورٹ کے کسی کو آنے جانے کی ..... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7

دو طلباء تنظیموں کے درمیان جھگڑے میں 10 طلباء زخمی ہوئے، محمد بلوچ

پولیس نے 12 طلباء کو گرفتار اور باشلو خانی کمرہ کا تالہ کو 2 ہفتوں کے لئے بند کر دیا

تعلیمی اداروں میں فورسز کی موجودگی کیلئے راہ ہموار کی جا رہی ہے، بلوچ سٹوڈنٹس ایکشن کمیٹی کے نتیجے میں 10 طلباء زخمی ہوگئے پولیس نے 12 طلباء کو گرفتار کر کے تھانہ کے بعد باشلو خانی کمرہ کا تالہ کو 2 ہفتوں کے لئے بند کر دیا ایس ایس پی ..... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7

کوئٹہ (آن این این) ایس ایس پی انویسٹیگیشن کوئٹہ محمد بلوچ نے کہا کہ کرشمہ روڈ بروان میڈیکل کالج میں بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن اور پشتون اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے درمیان جھگڑے

صوبوں میں اختیارات نچلی سطح پر منتقل کئے بغیر کلیدی نتائج حاصل نہیں ہو سکتے، احسن اقبال

ملکی مسائل کسی ایک لیڈر یا پارٹی سے بڑے، استحکام و پالیسی کا تسلسل آ جائے تو ترقی میں کوئی رکاوٹ نہیں ہوگی، وفاقی وزیر پاکستان میں کام کرنے والے چینی قومی مہمان ہیں، سیکیورٹی فراہم کرنا ذمہ داری ہے، تقریب سے خطاب، نجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے صوبوں میں اختیارات نچلی سطح پر منتقل کئے بغیر سروس ڈیلیوری سے کلیدی نتائج حاصل نہیں کیے جا سکتے، تقریب سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا میں اطمینان حاصل کرنے کیلئے امریکہ گیا اور میرے ساتھ کوئی وفد بھی تھا وہ کہتے ہیں کہ پاکستان کی خدمت کا خواب لے کر آیا اور وہ دین 2010 کے ہم سے ..... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7

پارلیمانی سیکرٹری محمد خان لہڑی، سینیٹر نصیب اللہ خان بازئی ملاقات کر رہے ہیں

طلباء تنظیموں کے ہڑتال کے مطالبے کے دوران عمل کریں، ایچ ڈی پی

کوئٹہ (این این اے) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی اور ہزارہ اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے مرکزی بیان میں بولان میڈیکل کالج میں طالبہ طلباء، تصادم اور محاذ آرائی پر ..... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7

تحریک انصاف بلوچستان 24 نومبر اسلام آباد مارچ میں شرکت کریگی

کوئٹہ (این این آئی) تحریک انصاف بلوچستان پاٹی پی آئی عمران خان کی 24 نومبر اسلام آباد مارچ میں بھرپور شرکت کریگی 24 نومبر کی اسلام آباد کے مین کنٹیل عمران خان کی رہائی اور حقیقی آزادی ہے پاکستان ..... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7

گرفتار بلوچ اور پشتون طلبا کو فوری طور پر رہا کیا جائے، نصر بلوچ

واقعہ میں ملوث پولیس آفیسران، کالج انتظامیہ کے خلاف کارروائی کی جائے، ڈویژنر بلوچ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچ اسٹوڈنٹس ایکشن کمیٹی اور پی ایس ایف کے رہنماؤں نصر بلوچ، عابد رشاد، ڈویژنر بلوچ، ذوہیب خان نے کہا ہے کہ حکومت گرفتار طلباء اور پشتون اسیران کو فوری طور پر رہا کرے کہ ان کے خلاف درج ایف آئی آر واپس کی جائے ..... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7

یونیورسٹی آف گوادر کی پانچویں فنانس اینڈ پلاننگ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا

اگلے سال کیلئے یونیورسٹی کے مالی، انتظامی منصوبہ بندی کے اہم نکات پر تبادلہ خیال کیا گیا

گوادر (پ ر) یونیورسٹی آف گوادر کی پانچویں فنانس اینڈ پلاننگ کمیٹی کا اجلاس بی پیک اسٹڈی سینٹر، پی ٹی ڈی سی، وی آئی پی یونیورسٹی گوادر میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرازق صابر نے کی۔ اجلاس میں شریک ہونے والوں میں پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد ظفر اللہ، ڈین آف اکیڈمک افیئرز پروفیسر ڈاکٹر عبدالرحمان، رجسٹرار ڈاکٹر محمد ظفر اللہ، ڈین آف اکیڈمک افیئرز پروفیسر ڈاکٹر عبدالرحمان، ڈین آف سٹوڈنٹس افیئرز پروفیسر